SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

June 27, 2019

**ایس ای سی پی انشورنس سیکٹر میں اکاؤنٹنگ کے جدید معیارات متعارف کروائے گا**

**بیمہ کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لئے اصلاحات کر رہے ہیں: فرخ سبزواری**

کراچی (27 جون) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کے چیئرمین فرخ سبزواری نے کہا ہے کہ ملک میں انشورنس کے پھیلاؤ اور انڈسٹری کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لئے اصلاحات کی جا رہی ہیں۔ انشورنس انڈسٹری کے فروغ کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انشورنس انڈسٹری میں معیارات کو بہتر بنانے کے لئے ایس ای سی پی انشورنس انڈسٹری میں فنانشل رپورٹنگ کے بین الاقوامی سٹینڈرڈ IFRS-17 کو متعارف کروائے گا۔

ملک میں انشورنس انڈسٹری کو درپیش چیلنجز اور مستقبل کے لائحہ عمل کے حوالے سے غور کرنے لئے منعقدہ کانفرنس میں انشورنس انڈسٹری کے نمائندوں، اکاؤنٹنگ کے شعبے ماہرین، ایکچوئری اور ایس ای سی پی کے حکام نے شرکت کی۔ کانفرنس میں انشورنس کی مختلف خدمات کی ریگولیشنز، کیپٹل مارکیٹ میں سرمایہ کاری، یونٹ لنکڈ مصنوعات، ڈیٹا کی حفاظت اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور بین الاقوامی ریگولیٹرز کی جانب سے لئے گئے اقدامات کے موضوعات پر بات کی گئی۔

چیئرمین ایس ای سی پی کانفرنس کے شرکاء کو بتایا کہ انہوں نے انشورنس انڈسری میں اصلاحات متعارف کروانے کے پیش نظر پہلے اقدام کے طور پر ایس ای سی پی کے انشورنس ڈویژن کی تنظیم نو کر دی ہے اور انڈسٹری کے فروغ کے لئے الگ ڈیپارٹمنٹ تشکیل دے دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس ای سی پی کی جاب سے ملک کے تمام نجی شعبے کی کمپنیوں اور اداروں میں ملازمین کے لئے لازمی ہیلتھ انشورنس اور گروپ لائف انشورنس کی اسکیم کی تجاویز قانونی منظوری کے لئے وفاقی حکومت کو بھجوادی گئی ہیں۔ فرخ سبزواری نے کہا کہ بیمہ  مارکیٹ کے فروغ اور پالیسی ہولڈروں کے حقوق کے تحفظ کے تناظر میں ایس ای سی پی نے بینک اشورنس کے ریگولیٹری فریم ورک کا بھی از سر نو جائزہ لینا شروع کر دیا ہے بینک اشورنس کے ریگولیٹری فریم ورک میں اصلاحات لا کر انشورنس مصنوعات کی فروخت اور مارکیٹنگ اور کاروباری آسانیوں کے لئے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی اجازت دے  دی جائے گی۔

فرخ سبز واری نے کہا کہ ایس ای سی پی نے سندھ ریونیو بورڈ کے ساتھ مذاکرات کر کے لائف انشورنس اور ہیلتھ انشورنس کے لئے ٹیکسوں پر 30 جون 2019 تک استثناء حاصل کر لیا ہے جبکہ اس سے پہلے نیشنل ڈیٹا بیس اتھارٹی (نادارا) کے ساتھ مذاکرات کر کے چھوٹی پالیسیوں پر نادرا کی تصدیقی فیس میں بھی 70 فیصد کمی کر دی گئی ہے۔

چیئرمین ایس ای سی پی نے کہا کہ انشورنس انڈسٹری میں معیارات کو بہتر بنانے کے لئے جدید اکاؤنٹنگ سٹینڈرڈ IFRS-17 نافذ کیا جائے گا اس حوالے سے ایس ای سی پی، آئی کیپ اور انشورنس انڈسٹری کے نمائندوں پر مشتمل ورکنگ گروپ لائحہ عمل تیار کر رہا ہے۔ نئے اکاؤنٹنگ معیارات کے نفاذ کے حوالے سے روڈمیپ جلد کمپنیوں کے ساتھ شیئر کیا جائے گا۔